**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**10جولائی2026ء**

# پریس ریلیز

## 'بورڈ آف پیس' کے نام پر غزہ کے عوام و مجاہدین کو صہیونیوں کے ماتحت کرنے کا منصوبہ شرم ناک ہے۔
## مذاکراتی عمل کے دوران ایران پر دوبارہ حملوں نے ثابت کر دیا ہے کہ صہیونی امن کے اصل دشمن ہیں۔
## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** 'بورڈ آف پیس' کے نام پر غزہ کے عوام و مجاہدین کو صہیونیوں کے ماتحت کرنے کا منصوبہ شرم ناک ہے۔ مذاکراتی عمل کے دوران ایران پر دوبارہ حملوں نے ثابت کر دیا ہے کہ صہیونی امن کے اصل دشمن ہیں۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل گزشتہ 1000 سے زائد دنوں سے غزہ میں عورتوں اور بچوں سمیت مسلمانوں کی نسل کُشی کو مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے، جس میں اُسے امریکہ اور کئی دیگر مسلم دشمن ممالک کی مکمل معاونت حاصل ہے۔ ستمبر 2025ء میں طے پانے والے نام نہاد 'غزہ امن معاہدہ' کی مسلسل دھجیاں بکھیری جا رہی ہیں۔ صہیونی غزہ کے مظلوم عوام تک خوراک اور ادویات پہنچنے کے راستے میں مسلسل رکاوٹیں ڈال رہے ہیں۔ پھر یہ کہ 'غزہ امن معاہدہ' کے بعد بھی اسرائیل غزہ کے مسلمانوں پر جان لیوا حملے کر رہا ہے اور عالمی اداروں کی رپورٹس کے مطابق غزہ کے 80 فیصد سے زائد علاقے پر قبضہ جما چکا ہے۔ 'بورڈ آف پیس' کے نام پر بعض مسلم ممالک کے وسائل و عسکری قوت کو امن کے قیام کی آڑ میں صہیونی مفادات کو تقویت دینے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے، جو عالمِ اسلام کے لیے ڈوب مرنے کا مقام ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ غزہ کے مجاہدین کو اِس قدر تنہا کر دیا گیا ہے کہ وہ اپنی حکومت ختم کر کے صہیونی درندگی سے عوام کو محفوظ رکھنے تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ امیر تنظیم نے ایک بار پھر پاکستان سمیت مسلم ممالک سے اپیل کی کہ 'بورڈ آف پیس' سے فوری طور پر علیحدہ ہو کر غزہ کے مسلمانوں کے جان، مال، عزت و آبرو اور اُن کی بابرکت سرزمین کی حفاظت کے لیے عملی اقدامات کریں اور مسلمانوں پر صہیونی مظالم کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے آپس میں اتحاد و اتفاق پیدا کریں۔

ایران پر دوبارہ امریکی حملوں پر تبصرہ کرتے ہوئے امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ صہیونی مسجدِ اقصیٰ کو (معاذ اللہ!) نقصان پہنچانے اور 'گریٹر اسرائیل' کے قیام کے ابلیسی منصوبوں کی تکمیل پر تُلے ہوئے ہیں۔ اسرائیلی وزیر دفاع کا یہ بیان کہ صہیونی ریاست بھی ایران پر دوبارہ حملے شروع کرنے کے لیے تیار ہے اِسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ خطے میں دوبارہ کشیدگی بڑھنے سے امن معاہدہ کے ثالث پاکستان کی ساکھ کو بُری طرح نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہم مسلم ممالک کی حکومتوں کو یہی مشورہ دیتے رہے ہیں کہ اسرائیل اور امریکہ پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا، لہٰذا طاغوتی قوتوں کی چاپلوسی کرنے اور اُن سے امن کی بھیک مانگنے کی بجائے اپنے گھر کو درست کیا جائے اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامیں تاکہ دشمن کو دندان شکن جواب دیا جا سکے۔

جاری کردہ

**رضاء الحق**

مرکزی ناظم نشرو اشاعت

تنظیمِ اسلامی

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: July 10th, 2026**

## The plan to subjugate the people and Mujahideen of Gaza to the Zionists under the guise of the "Board of Peace" is shameful.

## Renewed attacks on Iran during the negotiation process have proven that the Zionists are the real enemies of peace.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that for more than 1,000 days, the illegal Zionist state of Israel has continued the genocide of Muslims in Gaza, including women and children, with the full support of America and several other anti-Muslim countries. The so-called "Gaza Peace Agreement" reached in September 2025 is being repeatedly violated. The Zionists continue to obstruct the delivery of food and medicines to the oppressed people of Gaza. Moreover, even after the "Gaza Peace Agreement," Israel has continued its deadly attacks on the Muslims of Gaza and, according to reports by international organizations, has occupied more than 80 percent of Gaza. Under the guise of establishing peace through the so-called "Board of Peace," the resources and military strength of certain Muslim countries are being used to advance Zionist interests, which is a matter of utter shame for the Muslim world. He said that the Mujahideen of Gaza have been left so isolated that they have been forced to terminate their own government and reduced to merely protecting the people from Zionist brutality. The Ameer of Tanzeem once again appealed to Muslim countries, including Pakistan, to immediately withdraw from the "Board of Peace," take practical measures to protect the lives, property, honor and dignity of the Muslims of Gaza and their blessed land, and forge unity and harmony among themselves in order to give a crushing response to Zionist atrocities against Muslims. Commenting on the renewed American attacks on Iran, the Ameer of Tanzeem-e-Islami said that the reality is that the Zionists are bent on harming Masjid al-Aqsa — Allah forbid — and completing their satanic project of establishing "Greater Israel." The statement by the Israeli Defense Minister that the Zionist state is also ready to resume attacks on Iran is another link in the same chain. The Ameer of Tanzeem said that renewed escalation in the region risks severely damaging the credibility of Pakistan, which has acted as the mediator of the peace agreement. He said that we have consistently advised the governments of Muslim countries that Israel and America cannot be trusted. Therefore, instead of appeasing Taghut forces and begging them for peace, Muslim countries must put their own houses in order and collectively hold fast to the Rope of Allah so that the enemy can be given a crushing response.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**